# انسان کے ہاتھوں انسانیت کی تباہی

## انسان اپنی عقل کے غلط استعمال سے خود اپنی تباہی کا ساماں کر رہا ہے



تحریر۔۔۔
ڈاکٹر محمد زوہیب حنیف

**انسان ایک ایسی مخلوق ہے جسے ذہانت اور حکمت سے نوازا گیا ہے۔ یہ انعام زمین پر موجود کسی دوسری مخلوق کو نہیں ملا۔ عقل و دانش کی طاقت کے ذریعے انسان نے ناقابل یقین کارنامے حاصل کیے ہیں: اوزار بنانے سے تہذیبوں کی تعمیر تک، کائنات کی کھوج لگانے سے کائنات کے رازوں سے پردہ اٹھانے تک، ناقابلِ یقین کارنامے انجام دیے۔ یعنی آج ایک صرف کِلک پر دنیا ہمارے سامنے آجاتی ہے۔ آئیے! دیکھتے ہیں کہ انسانی عقل نے اس دنیا اور اس دنیا سے باہر ہمیں کیا کیا دیا:**

ماحولیاتی تبدیلی: فصلوں کی کاشت سے لے کر فلک بوس عمارتیں بنانے تک، ہم نے اپنی ضروریات کے مطابق کرہ ارض کو نئی شکل دی ہے۔

جدید علم: سائنس، فنون اور فلسفہ نے عقل کے ذریعے دنیا کو ایک نئی جہت دے دی۔ وہ انسان جب کسی بیماری میں مبتلا ہوجاتا، تو اسے باقاعدہ ایک کرب ناک دور سے گزرنا پڑتا، یعنی باقاعدہ اس کے جسم کے مخصوص حصے کو کاٹ کر دیکھا جاتا کہ کیا مسئلہ ہے، اب ایک 'ایکسرے'، 'اسکین'، یا 'خون ٹیسٹ' کے ذریعے بڑی سے بڑی بیماری اور اس کا علاج دریافت کرلیا جاتا ہے۔

دنیا سے منسلک: اس عقل کے ذریعے ہی انسان نے انٹرنیٹ، عالمی تجارت، اور نقل و حمل کے نظام جیسی اختراعات سے لوگوں کو پہلے سے کہیں زیادہ قریب کردیا۔ آپ سوچیے کہ ایک ویڈیو کال کے ذریعے مشرق میں بیٹھا ہوا شخص، مغرب میں بیٹھ کر باآسانی بات کرسکتا ہے۔

زمین سے باہر کی کھوج: خلائی تحقیق چاند، مریخ اور اس سے آگے کی دریافت کے لیے ہماری بے پایاں پیاس کا مظاہرہ ہے۔ یعنی انسان اس دنیا سے باہر نکل کر اوپر خلا میں اپنے نظامات کو نصب کرکے وہاں رہ کر دنیا میں اپنا پیغام دے رہا ہے۔ چاند پر اپنا قدم رکھ کر مزید تسخیرِ کائنات میں گم ہے۔

یہ کامیابیاں انسانی عقل و دانش کی ہی بنیاد پر ہیں۔ یہ ایک ایسی قوت ہے جو پیچیدہ مسائل کو حل کرنے، زندگیوں کو بہتر بنانے اور وجود کے اسرار کو کھولنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

تاہم! یہ سچ ہے کہ عقل کا غلط استعمال بھی انسان ہی کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ عقل کا منفی استعمال یا یوں کہیے کہ عقل کا ناجائز استعمال انسانیت کیلیے نقصان دہ ثابت ہورہا ہے، اس کی چند مثالیں قلم بند کی جاتی ہیں:

قلیل مدتی سوچ اور ماحولیاتی نقصان: انسان کئی دہائیوں سے جانتا ہے کہ ضرورت سے زیادہ صنعت کاری اور جنگلات کی کٹائی کرہ ارض کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اس کے باوجود، ہم قدرتی وسائل کا غیر مستحکم استحصال کرتے رہتے ہیں، جس کی وجہ سے موسمیاتی تبدیلی، حیاتیاتی تنوع کا نقصان اور ماحولیاتی انحطاط ہورہا ہے۔ موسم اپنی اصل کے مطابق نہیں ہیں، جس سے فصلوں کو نہ صرف نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ انسانی صحت خطرے میں پڑ رہی ہے۔

جنگی ہتھیار: وہی عقل و دانش جو ہمیں تخلیق کرنے کے قابل بناتی ہے، اسی عقل کے ذریعے ہم اپنے آپ کو تباہ کررہے ہیں۔ جنگی ہتھیار، بشمول جوہری ہتھیار، جدید سائنسی علم کی پیداوار ہیں۔ تباہ کن نتائج کو جاننے کے باوجود، انسانی عقل نے بار بار پرامن حل کے بجائے تنازعات کا سہارا لیا، اتحاد کے مواقع کو ضائع کیا۔ نتیجہ، اس کا یہ ہے کہ کروڑوں انسان ان ہتھیاروں سے لقمہ اجل بن گئے۔

اقتصادی اور سماجی عدم مساوات: انسانی عقل نے حکمرانی اور معاشیات کے ایسے نظام بنائے ہیں جو دولت اور مواقع پیدا کرتے ہیں۔ پھر بھی، ان نظاموں کو اکثر بہت سے لوگوں کی قیمت پر چند لوگوں کی خدمت کیلیے استعمال کیا جاتا ہے۔ غربت، عدم مساوات اور استحصال برقرار ہے، حتیٰ کہ ایسی دنیا میں بھی جہاں انہیں ختم کرنے کیلیے وسائل اور علم موجود ہے۔

**اخلاقی اقدار کو نظر انداز کرنا: حکمت صرف ذہانت کے بارے میں نہیں ہے، اس میں اخلاق اور اخلاقی قدریں بھی شامل ہیں۔ اس کے باوجود عقل نے اکثر طاقت، منافع یا سہولت کو رحم، انصاف پر ترجیح دی ہے۔ یہ غفلت بدعنوانی، جبر اور معاشرتی تنزلی کا باعث بنتی ہے۔**

انسان اپنی عقل کو 'مثبت' استعمال کرنے میں کیوں ناکام رہا ہے؟

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ 'عقل رکھنے کے باوجود انسان اسے مؤثر طریقے سے استعمال کرنے میں کیوں ناکام رہا ہے؟' اس کے کئی عوامل ہیں:

لالچ اور خودغرضی: انسانی عقل نے بہت سے فیصلے لالچ یا مفاد پر مبنی کیے ہیں۔ اس نے یہ سب کچھ اس لیے کیا کہ اس میں صرف اپنا مفاد شامل تھا۔ 'انسانیت' اس میں شامل نہیں تھی۔

جذبات اور منطق کو متوازن کرنے میں ناکامی: حکمت کیلیے جذباتی ذہانت اور منطقی استدلال کے درمیان توازن کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب فیصلے غیر منظم جذبات، جیسے غصہ یا خوف سے کیے جاتے ہیں، تو حکمت سے سمجھوتہ کیا جاتا ہے۔

عقل نے سوچ اور فہم کا راستہ روک دیا: انسانی عقل نے ہر وہ چیز ایجاد کی جو انسانوں کو فائدہ یا نقصان پہنچانے کیلیے تھی، لیکن اس کے باوجود اب معاملہ یہ ہے کہ عقل نے انسانی فہم کو ماوف کردیا ہے۔ انسانی عقل نے جو کچھ انسان کو دیا ہے، اس میں سے 'سوچ' کو ختم کردیا ہے۔ عقل نے عقل کو اتنا کم زور کردیا ہے کہ اب ہم محتاجی کی جانب گامزن ہیں۔

سوشل میڈیا نے دنیا کے قریب کرکے جھوٹ کو فروغ دیا: انسانی عقل نے سوشل میڈیا کے ذریعے لوگوں کو قریب کردیا، لیکن اسی عقل نے انسان کو سوچنے سمجھنے کی صلاحیت سے محروم بھی کردیا ہے۔ جو بھی خبر آتی ہے، فوراً عقل کا استعمال کیے بغیر آگے بڑھادی جاتی ہے۔ اس خبر پر پوری عمارت کھڑی کردی جاتی ہے۔ بعد میں پتہ چلتا ہے کہ سب جھوٹ تھا۔

اے آئی نے عقل کے استعمال کو روک لگادیا: اے آئی کے آنے کے بعد انسانی عقل کے پاس جو تھوڑا بہت 'فہم' تھا، وہ بھی اب ختم ہورہا ہے، چھوٹی سی ای میل سے لے کر بڑے بڑے مقالہ جات اے آئی کے ذریعے پوچھے جارہے ہیں۔ اسی طرح کوئی بھی سوال ذہن میں آتا ہے، تحقیق کرنے سے پہلے ہم اپنا مقصد سب سے پہلے اے آئی کی 'بارگاہ' میں رکھتے ہیں۔ پھر جب تشفی ہوجاتی ہے، تو ہم آگے جاتے ہیں۔ جب کہ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ اے آئی انسانی عقل ہی کی ایجاد ہے، لیکن یہ اب انسانی عقل پر غالب آرہا ہے۔

مستقبل کے خدشات: اے آئی کے آنے کے بعد ایسا محسوس ہورہا ہے کہ یہ انسانی عقل کو چیلنج کرنے لگا ہے اور انسان کے مقابلے پر آرہا ہے۔ ابھی یہ انسانی عقل کو کھا رہا ہے، آگے یہ کوئی ہیئت اختیار کرکے انسان کے مقابلے پر آجائے گا۔ اس وقت کیا ہوگا؟ کیا ہم اس کا مقابلہ کرسکیں گے؟ کیوں کہ یہ طے ہے کہ اب یہ سلسلہ رکے گا نہیں بلکہ بڑھتا چلا جائے گا۔

**انسانی عقل کی بنائی اشیا انسانوں پر ہی غالب: انسانی ایجادات انسانی عقل پر غالب آرہی ہیں۔ انسان جتنا سہل پسند ہوتا جارہا ہے، یہ ایجادات اتنی ہی طاقت ور ہوتی جارہی ہیں۔ اس سہل پسندی کی وجہ ایک طرف انسانی عقل ہے تو دوسری طرف 'کم عقل' انسان۔ یعنی ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ عقل، انسانوں کے 'فہم'، 'ادراک' اور 'شعور' (سوائے چند کے) کو کھا رہی ہے۔**

اللہ تعالیٰ نے انسان کو 'عقل' کا صحیح استعمال کرنے کا اختیار دیا ہے، اب اس کے پاس چند اختیارات ہیں: ایک، وہ عقل کا صحیح استعمال کرے۔ دوم، منفی استعمالات سے دور رہے۔ سوم، ہاتھ پر ہاتھ رکھ بیٹھ جائے۔

# ’’تیری مرضی کے مطابق نظر آئیں کیسے؟‘‘

## جسمانی خدوخال پر نکتہ چینی اور ذاتی امور میں مداخلت آپ کی شخصیت کو منفی بنا دیتی ہے

تحریر....
مریم شہزاد

انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا، لیکن یہ بات زیادہ تر خواتین کے بارے میں کہی جاتی ہے کہ خواتین کسی حال میں خوش نہیں رہتیں، مگر وہی بات ہے ناں کہ ’’بد سے بدنام برا‘‘ خوش تو مرد حضرات بھی نہیں رہتے، مگر جس طرح یہ بات گردش کرتی ہے کہ عورتیں بہت زیادہ بولتی ہیں۔

ویسے ہی عورتوں کے ناخوش رہنے والی بات بھی بہت زیادہ سننے میں آتی ہے، لیکن ہمارا موضوع یہ نہیں ہے کہ مرد کیسے ہیں یا عورتیں کیسی۔۔۔! ہم تو یہ کہہ رہے ہیں کہ انسان جس میں مرد و زن دونوں شامل ہیں وہ چاہتے ہیں کہ ہر دوسرا افراد ان کی مرضی کے مطابق نظر آئے اور اس سلسلے میں وہ کوئی سمجھوتا کرنے کو تیار نہیں ہوتے، بس ہم نے کوئی بات کہہ دی تو کہہ دی۔

کہیں کوئی دبلی پتلی لڑکی یا لڑکا نظر آجائے، تو اس بے چارے/ بے چاری کو ایسے جملے سننے کو ملتے ہیں۔

’’ارے بھئی اتنے دبلے/ دبلی کیوں ہو؟‘‘ ’’کچھ کھاتے پیتے/ کھاتی پیتی نہیں؟‘‘

’’تمھارے لیے تو وہی مثال ہے کہ کھائے بکری کی طرح، سوکھے لکڑی کی طرح۔‘‘

تیز ہوائیں چلیں تو ہاتھ میں کچھ پکڑا دیا جاتا ہے کہ یہ پکڑ لو ورنہ تو اڑ ہی جاؤ گے اور اگر دوسری طرف کوئی موٹا یا موٹی نظر آجائے تو اس کے حال پر شدید افسوس کا اظہار کیا جاتا ہے کہ جیسے ان کے باورچی خانے سے کھا رہے ہیں۔

’’کیا ہوا؟ کیا شوگر ہے۔۔۔؟‘‘

’’کیا پورے گھر کا اناج تم ہی کھا لیتے/ لیتی ہو۔‘‘ (چاہے مٹاپے کو کنٹرول کرنے کے لیے فاقہ ہی چل رہا ہو۔)

’’کسی قحط زدہ علاقے میں چلے گئے تو ماریں گے لوگ پکڑ کے‘‘ (اللہ نہ کرے جو کبھی ایسی جگہ جانا پڑے)

’’ارے کچھ ڈائٹنگ وغیرہ کیا کرو، ورنہ شادی بھی نہیں ہوگی!‘‘ (ہم نے تو کتنے ہی موٹے مرد و زن کی شادی ہوتے ہوئے دیکھی ہے۔)

’’کچھ کام وام بھی کر لیا کرو، نہار منہ چہل قدمی کیا کرو، اتنا وزن بڑھنا اچھی بات نہیں ہے۔‘‘ (جیسے بہت ہی شوق ہے ہم کو تو خود سے وزن بڑھانے کا۔)

لیجیے جناب اب قد ہی کو دیکھیے کہ جیسے اس کے لمبے اور چھوٹے ہونے میں بھی جیسے ہمارا اپنا عمل دخل ہوتا ہو۔

’’ارے تم اتنے لمبے کیوں ہو۔۔۔؟ بالکل کھمبے لگتے ہو۔ لڑکی/ لڑکا کیسے ملے گا اتنا لمبا۔‘‘ جیسے ان کے ہی تو ذمہ ہے سب کے رشتے کروانا۔

’’تمھارا قد اتنا چھوٹا کیوں ہے۔۔۔؟ کہتے ہیں بہت چالاک ہوتے ہیں ٹھگنے قد والے۔‘‘

اگر کسی کی نظر کمزور ہے، تو ظاہر ہے کہ چشمہ تو لگانا ہی پڑے گا۔ مگر صاحب اس پر بھی اعتراض ہے۔‘‘ کبھی چشمو، کبھی چشما ٹو کہہ کر ٹوکا جاتا ہے۔

’’تم چشمہ کیوں لگاتی ہو؟ لیزر کیوں نہیں کروا لیتیں؟ لینس بھی اچھے لگیں گے تم پر۔۔‘‘

’’چشملی لگتی ہو۔ یہ چشمہ اچھا نہیں لگ رہا۔‘‘

کچھ لوگوں کے اعتراضات دوسروں کے پہننے اوڑھنے پر بھی ہوتے ہیں۔

’’اتنے بھاری کپڑے کیوں پہنے ہیں؟ بالکل نہیں جچ رہے۔‘‘ (ارے، آپ سے کسی نے پوچھا ہے)

’’نئی نئی شادی ہوئی ہے، کم از کم کوئی بھاری، کام دار جوڑا ہی پہن لیتیں، لوگ کیا کہیں گے، پتا ہی نہیں چل رہا، بیاہی بیٹی ہے کہ بن بیاہی۔۔۔!‘‘

’’اپنی عمر دیکھو اور اپنا لباس دیکھو، بالکل سوٹ نہیں کر رہا۔‘‘

کہیں آنا جانا ہو تو بھی ہم لوگوں سے پوچھ کر ہی جائیں۔

’’ہر وقت ہی شاپنگ پر گئی ہوئی ہوتی ہے۔‘‘

’’ہر شادی میں نظر آجاتی ہیں۔‘‘ (بہت معذرت کے ساتھ! جس جس شادی میں وہ آپ کو دکھائی دیں، تو آپ بھی تو ہر اس شادی کی تقریب میں موجود تھیں) مگر وہ ٹھیک ہی تو کہتے ہیں کہ ’مارتے کا ہاتھ روک سکتے ہیں بولتے کی زبان نہیں۔‘

انسان کی رنگت تو اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے مگر ’’یہ رنگت کیسی سانولی ہے تمھاری، کچھ لگایا کرو چہرے پر، تاکہ رنگ کچھ تو صاف ہو۔ (اللہ تعالیٰ کو میرے لیے یہ ہی رنگ پسند ہے، تو آپ کو کیا اعتراض!!)

’’اف رنگ تو دیکھو، ایسا لگتا ہے کہ آٹے کی بوری سے نکلی ہے۔‘‘ (اللہ کی شان ہے)

یہ تو کچھ اعتراضیہ جملے ہیں، جو لوگ اپنا حق سمجھتے ہوئے دوسروں کو کہتے ہیں۔ خود کیا کر رہے ہوتے ہیں یہ ان کو معلوم نہیں ہوتا اور اگر کوئی غلطی سے ان کو کچھ کہہ دے تو ایک طوفان کھڑا کر دیتے ہیں۔

**اس پر مزید اتنا کچھ سننے کو مل جاتا ہے کہ الامان الحفیظ۔ اس لیے بہتری اسی میں نظر آتی ہے کہ چپ چاپ ان کی نکتہ چینی سن لی جائے کہ کہ جیسے کہنا ان کا حق اور سننا ہمارا فرض ہے۔ ان کے عتاب کا شکار ہونے والے یہی کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ تیری مرضی کے مطابق نظر آئیں کیسے!**




# والدین کا مقام

## والدین کبھی غلط نہیں ہوتے۔ اگر ان سے غلط فیصلے ہو بھی جائیں تو ان کی نیت صاف ہوتی ہے اور انہی کی دعاؤں سے تقدیریں بدل جاتی ہیں

مولانا محمد طارق نعمان گڑنگی

انسان زندگی میں چند لوگ ایسے ہوتے ہیں جو اسے بے انتہاء محبت دیتے ہیں اور بنا لالچ کے اس کے لیے اپنے ہاتھوں کو رب کے حضور بلند کرتے ہیں ان میں سے ایک بے لوث رشتہ والدین کا ہے۔

جب بھی انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو بے ساختہ ایک لفظ نکلتا ہے: ’’ماں‘‘ اور جب بلندیوں کی ضرورت ہوتی ہے تو انسان کی آس و امید والد ہوتا ہے کہ وہ ان حالات میں اس کا سہارا بنے گا، یہ دونوں رشتے کمال کے ہوتے ہیں جب والدین زندہ ہوتے ہیں تو انسان آندھیوں اور طوفانوں کے ساتھ ٹکراتے ہوئے ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرتا جب ان کا سایہ سروں سے اٹھ جاتا ہے تو پھر ہر قدم سوچ سمجھ کے اٹھاتا ہے۔ ان کی دعائیں اور ادائیں ہمیشہ انسان کے ساتھ شاملِ حال رہتی ہیں۔

والدین ہمیشہ اولاد کے بارے میں نیک نیتی کے ساتھ سوچتے ہیں۔ والدین کبھی غلط نہیں ہوتے۔ اگر ان سے غلط فیصلے ہو بھی جائیں تو ان کی نیت صاف ہوتی ہے اور انہی کی دعاؤں سے تقدیریں بدل جاتی ہیں۔ جن کے والدین زندہ ہیں وہ ان کی قدر کریں جن کے وفات پاگئے وہ دعائے مغفرت کریں۔ اللہ پاک نے قرآن پاک میں کئی مقامات پر والدین کی شان بیان کی اور ان کے ساتھ حسن سلوک کا حکم دیا ہے۔

اللہ پاک کے پاک کلام میں والدین کے متعلق ارشادات، مفہوم:

’’اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو، اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کو اُف تک نہ کہنا اور نہ انہیں جھڑکنا اور ان سے بات ادب کے ساتھ کرنا۔ اور عجز و نیاز سے ان کے آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار! جیسا انہوں نے میری بچپن میں (شفقت سے) پرورش کی ہے تو بھی ان (کے حال) پر رحمت فرما۔‘‘ (بنی اسرائیل)

’’اور ہاں! باپ سے اچھا سلوک کرتے رہنا۔‘‘ (الانعام)

’’اور ماں باپ کے ساتھ احسان کرو۔‘‘ (النساء)

’’اور ہم نے انسان کو ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم دیا ہے۔‘‘ (العنکبوت)

حضرت بریدہؓ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! میں اپنی ماں کو سخت گرم و پتھریلی زمین پر اپنے کندھوں پر اٹھا کر چھ کوس لے گیا۔ وہ زمین اتنی گرم تھی کہ میں اگر اس پر گوشت کا ایک ٹکڑا ڈال دیتا تو وہ پک جاتا۔ کیا میں نے اس کے احسانات کا بدلہ ادا کر دیا۔۔۔؟ نبی کریم ﷺ نے یہ سن کر ارشاد فرمایا، مفہوم: ’’شاید دردِ زہ کی ایک ٹیس و تکلیف کا بدلہ ہو گیا ہو، باقی تکالیف اور احسانات تو اس کے علاوہ بہت ہیں۔‘‘

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ سے ایک آدمی نے دریافت کیا: میرے حسن سلوک کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیری ماں۔ اس نے پھر پوچھا اس کے بعد کون ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیری ماں۔ اس نے (تیسری مرتبہ) پھر دریافت کیا: اس کے بعد کون؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیری ماں۔ اس نے پھر پوچھا: پھر اس کے بعد کون ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تیرا باپ۔

حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا، مفہوم:

’’ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرنے والی اولاد جب بھی رحمت کی نظر سے ماں باپ کو دیکھے، تو ہر نظر کے عوض اللہ اس کے لیے مقبول حج کا ثواب لکھ دیتے ہیں۔‘‘ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: اگرچہ روزانہ سو مرتبہ نظر کرے۔۔۔؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں! اللہ بہت بڑا ہے اور وہ بہت زیادہ پاک ہے۔



حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا، مفہوم:

’’جو آدمی یہ چاہتا ہو کہ اس کی عمر دراز کی جائے اور اس کی روزی میں کشادگی ہو، اس کو چاہیے کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرے اور (رشتے داروں) کے ساتھ صلہ رحمی کرے۔‘‘ (مسند احمد)

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، مفہوم: ’’اس کی ناک خاک آلود ہوئی۔ اس کی ناک خاک آلودہ ہوئی۔ اس کی ناک خاک آلودہ ہوئی۔ عرض کیا گیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کس کی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے ماں باپ میں سے ایک کو یا دونوں کو بڑھاپے میں پایا اور پھر جنت میں داخل نہ ہُوا۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، مفہوم: ’’رب کی رضا والد کی رضا میں ہے اور رب کی ناراضی والد کی ناراضی میں ہے۔‘‘

رسول اللہ ﷺ کے ارشاد گرامی کا مفہوم ہے کہ گناہوں میں سب سے بڑا گناہ آدمی کا اپنے والدین کو گالی دینا ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: آدمی اپنے والدین کو کیسے گالیاں دے سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایک آدمی دوسرے آدمی کے باپ کو گالیاں دیتا ہے پس وہ جواباً اس کے ماں باپ کو گالیاں دیتا ہے۔

حضرت ابوالدرداءؓ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے مجھے اس بات کی وصیت فرمائی کہ اپنے والدین کی اطاعت کرو! اگر وہ تمھیں اس بات کا بھی حکم دیں کہ اپنے گھر، مال و دولت سب کچھ چھوڑ کر نکل جا، تو نکل جاؤ۔

حضرت ابو اسیدؓ فرماتے ہیں ہم حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے، قبیلہ بنو سلمہ کے ایک آدمی نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کیا والدین کی وفات کے بعد بھی کچھ ایسی صورتیں ممکن ہیں کہ جس سے میں ان کے ساتھ حسن سلوک کرتا رہوں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں! ان کے لیے دعا و استغفار کرنا۔ ان کے عہد کو پورا کرنا۔ ان کے تعلق سے جو تمہارے رشتے دار ہیں ان کے ساتھ صلہ رحمی کرنا اور ان کے احباب، دوستوں کے ساتھ بھلائی اور حسن سلوک کرنا۔

وہ لوگ جو زندگی بھر والدین کی خدمت اور ان کی فرماں برداری کرتے رہے۔ اب جب والدین دنیا میں نہیں رہے تو وہ یہ گمان نہ کریں کہ شاید اب حسن سلوک کا دروازہ بند ہو گیا ہے، بل کہ تعلیماتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں حسنِ سلوک جاری رکھیں۔ سیدنا ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب انسان فوت ہو جاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے، سوائے تین چیزوں کے، صدقہ جاریہ، وہ علم جس سے نفع حاصل کیا جاتا رہے اور نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرے۔

جن حضرات کے والدین زندہ ہیں وہ ان کی خدمت کر کے جنت حاصل کر لیں اور جن کے وفات پاگئے وہ ان کے لیے صدقہ جاریہ بنیں تاکہ ان کی روح کو ان کے اعمال سے تسکین پہنچے۔ اللہ تعالیٰ تمام قارئین کے والدین کی مغفرت فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆☆

